Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 9 Short Questions Test

Q1. لفظ اعتبار سے کیا مرا دہے.

Ans 1: اعتبار یا کریڈٹ سے مراد کسی شخص کے قرض واپس کرنے کی صلاحیت پر اعتماد یا بھروسہ کرنا ہے. لفظ اعتبار لاطینی زبان کا لفظ ہے جو اسی مفہوم کے لیے استعمال ہوا ہے.

Q2. چیک کی اہم اقسام کے نام بتائیں.

Ans 1: حامل چیک - حکمی چیک - کراس چیک

Q3. آلات اعتبار کی اقسام بتائیں.

Ans 1: 1- تحویل پذیر آلات اعتبار 2- غیر تحویل پذیر آلات اعتبار

Q4. چیک کے فریق کون کون سے ہیں.

Ans 1: 1- مرتب کنندہ 2- مرتب الیہ 3- وصول کنندہ

Q5. چیک کی خصوصی تصدیق کی وضاحت کریں.

Ans 1: اگر مرتب کنندہ چیک منتقل کرتے وقت چیک کی پشت پر اپنے دستخط کے ساتھ اس شخص کا نام بھی تحریر کردے جس کے حق میں یہ منتقل کیا جارہا ہے تو اسے خصوصی یا مکمل تصدیق کہتے ہیں.

Q6. حامل چیک سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اگر ایک چیک پر کسی مخصوص شخص کا نام نہ لکھا جائے اور نہ ہی لفظ بیریر کاٹا جائے تو ایس چیک حامل چیک کہلاتا ہے.

Q7. آلات اعتبار کی خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: 1- تحریری 2- غیر مشروط 3- زر کا متبادل 4- تجارت میں آسانی 5- قرض کا ثبوت 6- نقصان سے بچاو. 7- محنت اور وقت کی بچت

Q8. حکمی چیک سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اگر چیک پر کسی وصول کنندہ کو نامزد کیا گیا ہو اور لفظ کاٹ کر لفظ آرڈر لکھ دیا گیا ہو تو ایسا چیک حکمی چیک کہلاتا ہے. اس چیک کی ادائیگی کے لیے وصول کنندہ کو اپنی شناخت کروانا پڑتی ہے.

Q9. لفظ اعتبار سے کیا مرادہے.

Ans 1: اعتبار یا کریڈٹ سے مراد کسی شخص کے قرض واپس کرنے کی صلاحیت پر اعتماد یا بھروسہ کرنا ہے. لفظ اعتبار لاطینی زبان کا لفظ سے لیا گیا ہے. جو اسی مفہوم کے لیے استعمال کیا جاتاہے.

Q10. چیک کی تصدیق کی اقسام بتائیں.

Ans 1: سادہ تصدیق - خصوصی تصدیق - مشروط تصدیق - جزوی تصدیق- محددو تصدیق- پابند تصدیق